Music By Ravi



دلی کا ٹھگ

شکروار ۱۹ ستمبر سے

ڈیلائٹ، میجسٹک، پیلیس میں

دِلی کا ٹھگ

یہ کہانی آپ کی ہے میری ہے اور ہر اُس آدمی کی ہے جسے اُس کے حق سے محروم کر دیا گیا ہو۔

کشور کے پِتا ایک مشہور اخبار کے ایڈیٹر تھے۔ نقلی دوائیاں بنانے والے ایک گروہ کے خِلاف اُنہوں نے آواز بلند کی اور قتل کر دیئے گئے۔ وقت کے ساتھ زمانے نے بھی نگاہیں پھیر لیں۔ دوستوں اور ہمدردوں کی مہربانیوں نے اُسے تہی دست کر دیا۔ غریبی رنگ لائی اور لوگ اُسے ٹھگ کہنے لگے۔ جوان بہن کا رشتہ توڑنے کی دھمکی دی جانے لگی اُس کی اپنی سُسرال والوں نے بوڑھی ماں کو دھتکار دیا۔ اُس کی منگیتر آشا بھی اِن دنوں ایک تیرنے کے مقابلہ میں حصّہ لینے کے لیے بمبئی سے دہلی آئی ہوئی تھی کشور جب اُس سے ملا تو وہ بھی اُسے نہ پہچان سکی۔ کشور کو بڑا دُکھ ہوا اور اُس نے تہیّہ کر لیا کہ وہ نہ صرف اپنے پِتا کے قاتل سے بدلہ لے گا، بلکہ شادی بھی اپنی منگیتر آشا دیوی سے ہی کرے گا۔ وقت گذرتا گیا اور ایک دِن کشور کے دوست مسٹر سوہن لال بھی قتل کر دیئے گئے۔ اِتفاق سے کشور نے قاتل کو بھاگتے ہوئے دیکھ لیا۔ انسپکٹر دلیپ سنگھ اور کشور دونوں کا یہ خیال تھا کہ یہ خون اننت رام نے کیا ہے۔ کیونکہ سوہن لال نے مرنے سے پہلے ٹیلیفون پر دلیپ سنگھ کو یہ اِطلاع بھی دی تھی کہ اننت رام ابھی تک زندہ ہے۔ اور اُس کا ہیڈ آفس دہلی کے بجائے بمبئی میں ہے۔ حالانکہ پولیس افسران کی رائے کے مطابق اننت رام کچھ عرصہ پہلے ایک ہوائی حادثہ میں ہلاک ہو چکا تھا۔ پھر بھی دلیپ سنگھ کو بمبئی جا کر تحقیقات

کرنے کی اجازت دے دی گئی اور ساتھ ہی کشور کو بھی عارضی طور پر اُس کی مدد کیلئے ساتھ بھیج دیا گیا۔ بمبئی پہنچتے ہی کشور آشا کے چچا پروفیسر امرناتھ سے مِلا اور اُن کے ذریعہ اُس نے ایک دوائیاں بنانیوالی کمپنی میں ملازمت بھی کر لی۔ اب تو کسی نہ کسی بہانے ہر روز آشا سے ملاقات ہوتی لیکن آشا غربت میں لپٹی ہوئی اُس کی محبت کو ہمیشہ حقیر نظروں سے دیکھتی رہی کافی دنوں تک یہ دِل لگی چلی اور آخر ایک دِن یہ دِل لگی دِل کی لگی بن کر رہ گئی۔ دولت کا سر غربت کے قدموں میں جھک گیا۔ کشور نے فوراً ہی موہن کے ماما انسپکٹر جگدیش سنگھ سے مِل کر اپنی بہن کی شادی کی بات بھی پکی کر لی اور ماں کو جانے کے لئے روپے بھی بھجوا دیئے اِن دِنوں کشور اپنے ایک دوست رام لال کے وہاں ٹھہرا ہوا تھا اچانک اُس کا بچہ بیمار پڑ گیا۔ ڈاکٹر نے انجکشن لکھ دیا۔ جو رام لال نے کشور کے بیگ سے نکال کر دیدیا بچے کی موت ہو گئی۔ ڈاکٹر کے بیان کے مطابق یہ موت نقلی انجکشن کی وجہ سے ہوئی۔ کشور کو یہ معلوم ہوا کہ نقلی دوائیاں بنانیوالی کمپنی کی مالک اُس کی منگیتر آشا دیوی ہیں۔ تو وہ چکرا سا گیا۔ اِسی دوران میں کشور کی ماں بھی اپنی بچی کی شادی کے سلسلہ میں بمبئی پہنچ گئیں۔ نقلی دوائیاں بنانے والے گروہ نے اُن کو بھی اپنے قبضہ میں کر لیا۔ اور کشور کو خبر پہنچا دی کہ اگر اُس نے اقبالِ جرم نہ کیا تو اُس کی ماں اور بہن دونوں کو ختم کر دیا جائے گا۔ کشور نے اقبالِ جرم کر لیا۔ اُس کے بعد کشور پر کیا بیتی؟ اننت رام کا کیا ہوا؟ اُس کی ماں اور بہن کو کن حالات سے دو چار ہونا پڑا؟

یہ سب پردہ سیمیں پر ملاحظہ کیجئے:۔

(راہی)

گانے

چل ری ایرن نبھی چل رے نفیرے لک پک دھک پک
چل ری ایرن جھک چک جھک چک

دھیرے دھیرے بیڑی بیڑی بیڑی بیڑی او مرے
او بندریا اپنے بندر سے جھگڑنا ہے بُرا
ایک ذرا سی بات پر ایسے بگڑنا ہے بُرا

ارے تیرا یُوں نظر چُرا کے جانا ہائے ہائے
یُوں شروع ہوا ہے یہ فسانہ ہائے ہائے

رُوٹھ کے کہاں چلی او میری چمپا کلی
کب تلک پھروں گا میں اسطرح گلی گلی
تیرے بنا میرے دل کی ہلچل ہی جائے۔ ہائے ہائے

یوں شروع ہُوا ہے یہ فسانہ ہائے ہائے
دل چرا کے چلدیئے واہ کیا کمال ہے
چور جیسی حرکتیں مور جیسی چال ہے
بال بھی بکھر لئے اور آنکھ بھی دکھائے ہائے ہائے

یُوں شروع ہُوا ہے یہ فسانہ ہائے ہائے
بے رُخی سے اس طرح جاتے ہیں تو جایئے
ہاتھ نہ ملئے جناب ہونٹ نہ چبایئے

بے قدر ہو پیار کیا ہے تم نہ سمجھ پائے۔ ہائے ہائے
یُوں شروع ہوا ہے یہ فسانہ ہائے ہائے
تیرا یوں نظر چُرا کے جانا ہائے ہائے
یوں شروع ہوا ہے یہ فسانہ ہائے ہائے

۲

کسی کا دل لینا ہو یا کسیکو دل دینا ہو
ہنستے جاؤ گاتے جاؤ نظروں کو ٹکراتے جاؤ

جلوہ پھر دیکھو، اے جی جلوہ پھر دیکھو
اُسی کا نشہ ہے جو کہ جھومیگا جھُما ئیگا
اُسی کا ہے جام جو کہ بڑھ کے اُٹھائیگا

ڈرنا نہ گھبرانا نہ او بابو جی شرمانا نہ
ہنستے جاؤ گاتے جاؤ ....

جلوہ پھر دیکھو اے جی جلوہ پھر دیکھو
آنکھوں سے جفائیں ہیں اَور دل میں وفائیں ہیں
اک متوالے دلبر کی ادائیں ہیں
گڈو کٹھے تو منانا نہ اور جائیں تو بلانا نہ ہنستے ....
جلوہ پھر دیکھو اے جی جلوہ پھر دیکھو

.....

یہی تو ہے دُنیا نہ جئے اور نہ جینے دے
لوگوں کو جلنے دو کوئی جلتا ہو تو جلنے دو
ہنستے جاؤ..............
جلوہ پھر دیکھو..............
کسی کا دل لینا ہو یا کسی کو دل دینا ہو
ہنستے جاؤ گاتے جاؤ نظروں کو ٹکراتے جاؤ
جلوہ پھر دیکھو رے جی جلوہ پھر دیکھو

۳

او بابو او لالہ۔ موسم دیکھو چلا۔ سُن ایک دل کیا بولا
ہے کوئی پیار کرنے والا او بابو او لالہ
سُن جا کیا کہتی ہیں یہ بھیگی بھیگی راتیں
آنکھوں ہی آنکھوں میں ہو جائیں دو دو باتیں
ہم سے نگاہیں تو مِلا..........
او بابو او لالہ۔ موسم دیکھو چلا۔ سُن ایک دل کیا بولا
ہے کوئی پیار کرنے والا۔ او بابو او لالہ
کھوئی کھوئی رات ہے کچھ بہکی کچھ بہکائی۔
محفل کی محفل ہے تنہائی کی تنہائی۔
آ جا مٹا دے فاصلہ
او بابو او لالہ۔ موسم دیکھو چلا۔ سُن ایک دل کیا
ہے کوئی پیار کرنے والا۔ او بابو او لالہ
آ جا دل کے راہی یہ ہیں اُلفت کی راہیں۔
ساتھی بن جا میرا باہوں میں لچکے باہیں۔
ہاتھوں میں میرے ہاتھ لا..........
او بابو او لالہ۔ موسم دیکھو چلا۔
سُن ایک دل کیا بولا۔
ہے کوئی پیار کرنے والا۔ او بابو او لالہ

۴

یہ بہار یہ سماں یہ جھومتی جوانیاں
دیکھئے کدھر چلے کہاں کہاں، یہ بہا......
بہک رہی ہے اس طرح حسن و عشق کی نظر
چلا ہے راہ بھول کے جیسے کوئی بے خبر
مستیوں میں ڈوب کے لو چلی ہے زندگی
کھو گیا ہے پیار کے خواب میں جہاں۔
یہ بہار..............
دیکھو ایسا وقت پھر ملے نہ زندگانی میں
گوری گوری باہوں نے لگا دی آگ پانی میں
کس نے رنگ گھولا ہے موج ایک شعلہ ہے
جل رہے ہیں آج یہ زمین و آسمان۔ یہ بہار....

۵

سیکھ لے بابو پیار کا جادو میرے پاس چراغ الدین کا
ایک بار جو دیکھے وہ ہو جائے دیوانہ
خالی نہیں جائے میرے تیر کا نشانہ سیکھ لے ....
میں پریوں کی شہزادی میں نے بدلا اپنا بھیس رے
رے چھوڑ کے اپنی نگری میں تو آئی تیرے دیس رے
آجا مل کے گائیں دونوں پیار کا ترانہ۔
سیکھ لے ....
....
یہ انکھیاں گلابی میری رس کی ہیں پیالیاں
ہے بجلی کا رنگ میرے ہونٹوں کی یہ لالیاں
دور سے دیکھا کرو مجھے تم ہاتھ نہ لگانا
سیکھ لے بابو پیار کا جادو ....

۶

لڑکا:- ہم تو محبت کرے گا دنیا سے نہیں ڈریگا
چاہے یہ زمانہ کہے ہمکو دیوانہ۔ اجی ہم تو محبت کریگا
مجھ سے آپ تو دل لے کے چلے جاتے ہیں
پیچھے پیچھے دیوانے پھر بھی چلے آتے ہیں
......
لڑکی:- میری جوتی سے
لڑکا:- جوتہ پالش کرے گا لیکن تم پہ مرے گا
چاہے یہ زمانہ کہے ہمکو دیوانہ۔ اجی ہم تو محبت کریگا
ٹھوکرے اور بھی ارماں یہ جواں ہوتے ہیں
دنیا میں ہم جیسے عاشق بھی کہاں ہوتے ہیں
ارے واہ رے مجنوں :-
لیلیٰ لیلیٰ کریگا ٹھنڈی آہیں بھرے گا
چاہے یہ زمانہ کہے ہم کو دیوانہ۔ اجی ہم تو محبت کریگا
دور ہو ہو کے اجی یوں نہ ستاؤ ہم کو
ہم جئیں کیسے بھلا یہ تو بتاؤ ہم کو
ڈوب مرو
ڈوبیگا نہیں تریگا پیار سے ہم نہیں ڈرے گا
چاہے یہ زمانہ کہے ہمکو دیوانہ۔ اجی ہم تو محبت کریگا

۷

لڑکا:- سی اے ٹی کیٹ۔ کیٹ معنی بلی
آر، اے ٹی ریٹ۔ ریٹ معنی چوہے
ارے دل ہے تیرے پنجے میں تو کیا ہوا
لڑکی:- اے، ایم، ڈی، میڈ۔ میڈ معنی پاگل
بی۔ او۔ وائی۔ بوائے، بوائے معنی لڑکا
ارے مطلب اس کا تم کہو تو کیا ہوا

لڑکا:- سی۔ اے ....
اری باوری تو بن جا میری ذرا سن میں کیا کہتا ہوں
لڑکی:- ذرا دیکھ او پگلے تجھے خبر تو ہے کون ہوں میں کیا ہوں
لڑکا:- جی۔ او۔ اے۔ ٹی گوٹ۔ گوٹ معنی بکری
ایل۔ آئی۔ او۔ این، لائن معنی شیر
ارے دل ہے تیرے پنجے میں تو کیا ہوا
لڑکی:- ایم۔ اے ....
لڑکی:- لگے تاکنے کبھی آپ نے شیشہ لیکے منہ دیکھا بھی
لڑکا:- تمہیں ایک نہیں جہاں میں حسینہ ہوگا کوئی ہم سا بھی
لڑکی:- این۔ او۔ ایس۔ ای نوز، نوز معنی ناک
سی آر او ڈبلیو کرو۔ کرو معنی کوا
ارے مطلب اس کا تم کہو تو کیا ہوا
لڑکا:-
سی اے۔ ٹی کیٹ۔ کیٹ معنی بلی
آر اے ٹی ریٹ۔ ریٹ معنی چوہا
ارے دل ہے تیرے پنجے میں تو کیا ہوا
لڑکا:-
ملالے نظر، او جانِ جگر تیرا کیا کرے گی دنیا
لڑکی:-
جہاں سے ڈرو، یہ سوچا کرو ہمیں کیا کہے گی دنیا

لڑکا:-
بی۔ اے۔ ڈی۔ بیڈ۔ بیڈ معنی برا
بی۔ یو۔ ٹی۔ بٹ۔ بٹ معنی لیکن
ارے دل ہے تیرے پنجے میں تو کیا ہوا
لڑکی:-
ایم۔ اے۔ ڈی۔ میڈ، میڈ معنی پاگل
بی۔ او۔ وائی بوائے، بوائے معنی لڑکا
ارے مطلب اس کا تم کہو تو کیا ہوا

(۸)

لڑکا:-
یہ راتیں یہ موسم ندی کا کنارہ یہ چنچل ہوا
لڑکی:-
کہا دو دلوں نے کہ مل کر کبھی ہم نہ ہوں گے جدا
لڑکا:-
یہ راتیں یہ موسم ....
لڑکی:-
یہ کیا بات ہے آج کی چاندنی میں
کہ ہم کھو گئے پیار کی راگنی میں
.....

لڑکا:۔
یہ باہنوں میں باہیں یہ بہکی نگاہیں
لو آنے لگا زندگی کا مزا

دونوں:۔
یہ راتیں یہ موسم..........

لڑکا:۔
ستاروں کی محفل نے کرکے اشارہ
کہا اب تو سارا جہاں ہے تمہارا

لڑکی:۔
محبت جواں ہو کھلا آسماں ہو
کرے کوئی دل آرزو اور کیا؟

دونوں:۔
یہ راتیں یہ موسم..........

لڑکی:۔
قسم ہے تمہیں تم اگر مجھ سے روٹھے

لڑکا:۔
رہے سانس جبتک یہ بندھن نہ ٹوٹے

لڑکی:۔
تمہیں دل دیا ہے یہ وعدہ کیا ہے
صنم میں تمہاری رہوں گی سدا

دونوں:۔
یہ راتیں یہ موسم ندی کا کنارا یہ چنچل ہوا
کہا دونوں نے کہ ملکر کبھی ہم نہ ہونگے جدا
یہ راتیں یہ موسم..........

(جاپان آرٹ پریس ملتیا محل گلی محمد اسحاق دہلی)